11 دسمبر 2012ء

بینک 5 روپے کے منسوخ شدہ نوٹ کی تبدیلی کے لیے عوام کو سہولت فراہم کریں: اسٹیٹ بینک

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے ملک کے تمام بینکوں سے کہا ہے کہ وہ رواں سال کے آخر (31 دسمبر 2012ء) تک پانچ روپے کے منسوخ شدہ نوٹوں کی تبدیلی کے سلسلے میں عوام کو سہولت فراہم کرنے کے لیے اپنی تمام برانچوں کو ضروری ہدایات جاری کریں۔

آج تمام کمرشل اور مائیکروفنانس بینکوں کے صدور/ چیف ایگزیکٹوز کو جاری کردہ سرکلر میں اسٹیٹ بینک نے کہا کہ تمام بینک اپنی برانچوں کے اندر اور باہر پبلک کاؤنٹرز اور دیگر نمایاں جگہوں پر پوسٹر/ بینرز لگائیں جن پر پانچ روپے کے منسوخ شدہ نوٹوں کی تبدیلی کی آخری تاریخ درج ہو۔

سرکلر میں مزید کہا گیا کہ مذکورہ بالا تاریخ (31 دسمبر 2012ء) کے بعد اسٹیٹ بینک آف پاکستان/ ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن اور بینک نہ تو پانچ روپے کا منسوخ شدہ نوٹ تبدیل کریں گے اور نہ ہی کسی بھی شخص یا ادارے کو اس نوٹ کی کوئی قیمت ادا کریں گے۔

واضح رہے کہ ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (SBP BSC) کے دفاتر اور تمام بینکوں کی برانچوں سے یہ نوٹ تبدیل کرنے کی آخری تاریخ 31 دسمبر 2012ء (بینکاری کے اوقات تک) ہے۔

☆☆☆